© rasailojaraid.com



اور کتاب شناس عالم تھے۔ جدید مسائل کا اسلامی حل ان کا خصوصی موضوع تھا۔ دیال سنگھ لائبریری سے وابستہ تھے۔ ایک سہ ماہی علمی مجلہ بھی شائع کرتے رہے جو ممتاز اہل علم کی تحقیقی نگارشات کا خزینہ ہوتا تھا۔ گذشتہ سال ان کے فرزند جناب سراج منیر مرحوم اچانک انتقال کر گئے۔ سراج منیر نے مختصر وقت میں ملک کے علمی و ادبی حلقوں میں نمایاں مقام حاصل کر لیا تھا جو مولانا ہاشمیؒ کے لیے باعث افتخار تھا بیٹے کی جواں مرگی کا روگ ایسا لگا کہ پھر سنبھل نہ سکے۔ علمی، ادبی اور تحقیقی ذوق رکھنے والوں کے لیے سراج منیر مرحوم کی جدائی کا غم ابھی تازہ تھا کہ مولانا متین ہاشمی بھی دار آخرت کو سدھار گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ اللہ تعالیٰ باپ بیٹا دونوں کو اپنی بے پایاں رحمتوں سے نوازیں اور پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق دیں آمین یا رب العالمین۔

★ جمعیۃ علماء اسلام پاکستان کے ابتدائی دور کا تذکرہ ہو یا پاکستان میں نفاذ اسلام کی جدوجہد کے مختلف مراحل کا ذکر چھڑ جائے تو مولانا ظفر احمد انصاریؒ کے ذکر کے بغیر بات مکمل نہیں ہو پاتی۔ شیخ الاسلام حضرت علامہ شبیر احمد عثمانیؒ کے قریبی رفقاء میں سے تھے۔ قرارداد مقاصد کی منظوری، علماء کے ۲۲ دستوری نکات کی ترتیب و تدوین، ۵۶ء کے دستور میں ملک کو اسلامی جمہوریہ قرار دلوانے کی محنت ۷۳ء کے دستور میں اسلامی دفعات کی شمولیت کی کاوش اور ضیاء الحق مرحوم کے دور کی اسلامی اصلاحات میں سے کوئی مرحلہ ایسا نہیں ہے جو مولانا ظفر احمد انصاری کے ذکر کے بغیر مکمل ہوتا ہو محاذ آرائی کی بجائے مفاہمت اور ربط کے ذریعہ کام لینے کے عادی تھے۔ گذشتہ روز ان کا انتقال ہو گیا ہے انا للہ وانا الیہ راجعون۔ اللہ رب العزت ان کی مغفرت فرمائیں اور پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق دیں آمین۔

★ مولانا حکیم محمد شفیع آف جہلم جمعیۃ علماء اسلام کے ساتھیوں میں سے تھے۔ صوبے کے سالار بھی رہے ہیں مخلص اور بے لوث کارکن تھے۔ ان کا بھی انتقال ہو گیا ہے انا للہ وانا الیہ راجعون

★ وفاق المدارس العربیہ کے ناظم اعلیٰ اور جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی کے مہتمم حضرت مولانا حبیب اللہ مختار کی والدہ محترمہ انتقال فرما گئی ہیں انا للہ وانا الیہ راجعون

★ حضرت مولانا عبد العزیز صاحبؒ آف مسجد نور ساہیوال (خلیفہ حضرت لاہوریؒ) کی اہلیہ محترمہ اور مولانا حافظ محمد سعید احمد آف نور انڈ کی والدہ مکرمہ کا انتقال ہو گیا ہے انا للہ وانا الیہ راجعون

© rasailojaraid.com

ماہنامہ صدر